ادارہ

تعارف تبصرہ کتب

نام کتاب: فتاویٰ دارالعلوم کراچی (امدادالسائلین) جلد اول افادات: حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب
ترتیب وتخریج: مولانا اعجاز احمد صمدانی صاحب، مولانا طاہر اقبال صاحب کل قیمت: ۶۰۰ روپے۔ رعایتی قیمت: ۳۰۰
صفحات: 544 ناشر: ادارہ دارالمعارف کراچی

حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہ کسی تعارف کا محتاج نہیں۔ آپ اسم با مسمٰی ہیں اور کیوں نہ ہو، آپ کا نام حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ نے رکھا تھا۔ آپ نے علمی، روحانی خاندان میں آنکھیں کھولی ہیں اور عثمانی خاندان کے چشم و چراغ ہیں۔ فقہ و افتاء تو آپ کا خاندانی منصب ہے۔ قانون کی بالادستی و اصول کی پاسداری آپ کی طبیعت ثانیہ ہے۔ معتدل اور حقائق شناس مزاج کی بدولت آپ ہر نازک موڑ پر زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے نہایت دور اندیشی اور حکمت و دانش پر مبنی موقف اختیار کرتے ہیں۔ طلب علم و ذوق مطالعہ کی صفت میں درجہ کمال رکھنے والا، جوہر خطابت کی بیش بہا صفت سے متصف نمونہ اسلاف ہیں۔ ان کی علمی تدریسی تصنیفی اور اندرون و بیرون ملک خدمات تقریباً نصف صدی کے عرصہ پر محیط ہیں، آپ درس و تدریس وعظ و خطابت تصنیف و تالیف کے ساتھ فتویٰ نویسی کا اہتمام اور تصحیح باقاعدگی سے کرتے ہیں۔ اب تک ہزاروں کی تعداد میں فتاویٰ آپ کے قلم فیض رقم سے نکل چکے ہیں۔ جس کی پہلی جلد مرتب اور شائع ہو کر منظر عام پر آچکی ہے۔ فتاویٰ کے ان مجموعہ کی بنیادی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے اکثر فتاویٰ آپ کے والد ماجد مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد شفیع عثمانیؒ کے راہنمائی میں لکھ جا چکے ہیں اور ان پر تصدیق دستخط بھی سب سے زیادہ ان ہی کے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرتبین حضرات و ادارۃ المعارف کراچی کو مزید توفیق و ترقی عنایت فرمائیں کہ اس کی مزید جلدیں جلد از جلد شائع ہو کر منظر عام پر آجائیں تاکہ تشنگان علوم دینیہ و فقہ اس عظیم علمی و فقہی ذخیرہ سے فیض یاب ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ ان تمام کوششوں کو قبولیت عامہ سے نوازیں۔ آمین

کتاب : المیسر فی علم علل الحدیث: (عربی) تالیف: سید عبدالماجد الغوری
صفحات: ۲۹۸ صفحات قیمت۔ ۳۰۰ روپے ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

علم علل الحدیث علوم حدیث کے ادق اور اغمض انواع میں سے ہے اور اس سے واقفیت صرف ان حضرات کو حاصل ہوتی ہے جن کو اللہ تعالیٰ نے اعلیٰ ذوق فہم ثاقب اور وسیع قوت حفظ سے نوازا ہو اور جن کو غرائب رواۃ کی